محقق تھے۔ ان کے علمی کارنامے اسلامیات، تصوف، اقبالیات اور فارسی و اُردو ادبیات پر محیط ہیں۔ زیرنظر کتاب اسلامی تہذیب کے موضوع پر معروف علما اور مسلم اور غیرمسلم اسکالرز، مثلاً مولانا عبدالماجد دریابادی، مولانا مودودی، ڈاکٹر تاراچند، پروفیسر ڈیوڈ شانتی لان وغیرہ کے بلندپایہ اور فکرانگیز مقالات پر مشتمل ہے۔ نیز اسلامی تہذیب کے ہندستان پر اثرات کا جائزہ بھی لیا گیا ہے۔]

◉ **رموزِ تربیت**، خلیل انجم۔ ملنے کا پتا: آئیڈیل سیکنڈری سکول، کنڈل شاہی، ضلع نیلم، آزاد کشمیر۔ فون: ۴۵۵۳۱۴-۰۵۸۲۱۔ صفحات: ۲۸۔ قیمت: ۴۰ روپے۔ [بچوں کی تعلیم و تربیت کے لیے تعلیمی نفسیات اور جدید علوم کی روشنی میں رہنما خطوط۔ والدین کے لیے متفرق رموزِ تربیت اور بعض منفی رویوں کا تذکرہ اور ان کا تدارک، کامیاب طلبہ کے بنیادی محرکات اور اساتذہ کی ذمہ داریاں جیسے موضوعات زیربحث آئے ہیں۔]

◉ **تذکرۂ محمدین**، مولانا برکت اللہ بھٹو۔ ناشر: مکتبہ المصباح، ۱-اے، ذیلدار پارک، اچھرہ، لاہور۔ فون: ۳۷۵۸۶۸۴۵۔ صفحات: ۲۳۰۔ قیمت: درج نہیں۔ [تاریخِ اسلام کی ان نام وَر شخصیات کا تذکرہ جن کے نام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نام سے موسوم ہیں۔ ان میں فاتح قسطنطنیہ محمد الثانی الفاتح، محمد بن اسماعیل بخاری (امام بخاری)، محمد بن محمد الغزالی (امام غزالی)، محمد بن محمد بن حسین بلخی (مولانا روم)، محمد بن احمد بن رُشد (ابن رشد)، محمد بن احمد البدائی (خواجہ نظام الدین اولیا)، محمد بن ابی بکر (حافظ ابن قیم) اور محمد بن قاسم جیسی معروف شخصیات شامل ہیں۔ تاریخِ اسلام اور مشاہیر اسلام کا ایک منفرد انداز میں مطالعہ۔]

◉ **عالمی یومِ حجاب**، مرتبہ: سمیحہ راحیل قاضی۔ ناشر: ویمن اینڈ فیملی کمیشن جماعت اسلامی پاکستان، منصورہ، لاہور۔ صفحات: ۷۰۔ قیمت: درج نہیں۔ [مغرب کے سیکولرزم، رواداری، برداشت اور باہمی مکالمے کے تمام تر دعووں کے علی الرغم اسلام کے خلاف تعصب، تنگ نظری اور انتہاپسندی کے رویے میں بتدریج شدت آتی جارہی ہے اور اس کا ایک کھلا ثبوت حجاب کے خلاف پابندی کے لیے اقدامات ہیں۔ اس کے مقابلے میں مسلمان اس درپیش چیلنج کا کس حکمت عملی سے مقابلہ کر رہے ہیں، زیرتبصرہ کتابچے میں مختلف مضامین کو یک جا کر کے اس کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ علامہ یوسف قرضاوی کی ہدایت پر ۴ستمبر کو عالمی یومِ حجاب کے طور پر منایا جاتا ہے۔]

◉ سہ ماہی مجلّہ **تعلیم و تحقیق**، تحفظ ناموس رسالت نمبر، مدیر: حافظ حبیب الرحمٰن۔ ناشر: مرکز تعلیم و تحقیق، F-1، فرسٹ فلور، گیلانی پلازا، موٹروے چوک، اسلام آباد۔ صفحات: ۱۶۷۔ قیمت: ۲۵۰ روپے۔ [اسلام آباد میں قائم ہونے والے ایک نئے 'مرکز تعلیم و تحقیق' کے سہ ماہی رسالے مجلّہ تعلیم و تحقیق کی پہلی اشاعت پیشِ نظر ہے۔ یہ اشاعتِ خاص تحفظ ناموسِ رسالتؐ نمبر پر مشتمل ہے اور اس میں موضوع سے متعلق ۱۲ اہم تحریریں جمع کردی گئی ہیں۔ سبھی اہم پہلو زیربحث آ گئے ہیں۔ لکھنے والوں میں خرم مراد، حافظ حسن مدنی، ڈاکٹر انیس احمد، مولانا محمد اسماعیل، ڈاکٹر محمد شاہد رفیع، سید عارف شیرازی اور دوسرے شامل ہیں۔]